# وزیر اعظم کی ماریشس کے وزیر اعظم محترم پروینڈ کمار جگناوتھ سے ملاقات

08ستمبر 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی 8 ستمبر 2023 کو دہلی میں جی 20 سربراہی اجلاس کے موقع پر ماریشس کے وزیر اعظم جناب پراوِند کمار جگناوتھ سے ملاقات کی۔

وزیر اعظم جگناوتھ نے ماریشس کو بطور 'مہمان ملک' جی 20 فارمیٹ میں شرکت کے لیے دی گئی خصوصی دعوت کے لیے وزیر اعظم کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر اعظم نے ہندوستان کی صدارت کے دوران جی 20 کے اندر متعدد ورکنگ گروپس اور وزارتی میٹنگوں میں ماریشس کی فعال شرکت کا اعتراف کیا اور اس کی تعریف کی۔

دونوں رہنماؤں نے اپنے ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات کی 75ویں سالگرہ کے موقع پر جی 20 اجلاسوں پر خوشی کا اظہار کیا۔ دونوں رہنماؤں نے ہندوستان اور ماریشس کے درمیان متنوع دو طرفہ تعاون کا جائزہ لیا۔ انہوں نے گزشتہ سال کے دوران دوطرفہ بات چیت کی تیز رفتار شرح کو تسلیم کیا، جس میں 30 سے زائد وفود کے دورے اور 23 دوطرفہ معاہدوں پر دستخط شامل ہیں۔

وزیر اعظم جگناوتھ نے چندریان 3 مشن کی کامیابیوں پر وزیر اعظم کو مبارکباد دی اور خلائی شعبے میں دونوں ممالک کے درمیان مسلسل تعاون کی امید ظاہر کی۔

**نئی دہلی**
**08ستمبر 2023**